
وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ﴿١١﴾

اور جب صحیفے نشر کئے جائیں گے۔

And when books are spread abroad,[4597]




# Lajna Ima'illah Finland Newsletter

May 2021 - Volume 5 Issue 5

# القرآن

مَثَلُ الَّذِيۡنَ يُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ
اَنۡۢبَتَتۡ سَبۡعَ سَنَابِلَ فِىۡ كُلِّ سُنۡۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ‌ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ
لِمَنۡ يَّشَآءُ‌ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيۡمٌ ۝٢٦٢

(البقرہ:262)

ان لوگوں کی مثال جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ایسے بیج کی طرح ہے جوسات بالیں اُگاتا ہو۔ ہر بالی میں سو دانے ہوں اور اللہ جسے چاہے (اس سے بھی) بہت بڑھا کر دیتا ہے۔ اور اللہ وسعت عطا کرنے والا (اور) دائمی علم رکھنے والا ہے۔

The [a]similitude of those who spend their wealth for the cause of Allah is like the similitude of a grain of corn which grows seven ears, in each ear a hundred grains. And Allah multiplies it further for whomsoever He pleases; and Allah is Bountiful, All-Knowing.[262]


# ارشاد نبوی ﷺ

لَا حَسَدَ إِلَّا فِی اثْنَتَیْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَسَلَّطَهُ عَلَی هَلَكَتِهِ فِی الْحَقِّ وَرَجُلٍ آتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً فَهُوَ يَقْضِی بِهَا وَيُعَلِّمُهَا۔

صحیح بخاری کتاب الزکوۃ حدیث 1409

دو شخصوں کے سوا کسی پر رشک نہیں کرنا چاہیے۔ ایک وہ آدمی جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اس نے اسے راہ حق میں خرچ کر دیا۔ دوسرے وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے سمجھ، دانائی اور علم و حکمت دی جس کی مدد سے وہ لوگوں کو فیصلے کرتا ہے اور لوگوں کو سکھاتا بھی ہے۔

# ارشادات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز




مورخہ 28 مئی 2021 کے خطبہ جمعہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فلسطین کے مسلمانوں، پاکستان کے احمدیوں اور تمام دنیا کے مظلوم مسلمانوں کے لئے دعاوٴں کی تحریک فرمائی۔

لجنہ سے گزارش ہے کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے دعاوٴں پر خاص توجہ دیں۔

دعاوٴں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:

”دعاوٴں کا پھر میں آج کہنا چاہتا ہوں۔ پاکستان کے احمدیوں کو بھی دعاوٴں میں یاد رکھیں۔ مظلوم احمدیوں کو جہاں کہیں بھی ہیں دعاوٴں میں یاد رکھیں۔ مظلوم مسلمانوں کو جہاں بھی ہیں فلسطین کے یا کہیں بھی ان کو دعاوٴں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مشکلات کو دور فرمائے اور آسانیاں پیدا فرمائے اور ان سب کو توفیق دے جو احمدی ہیں، حقیقی رنگ میں حضرت مسیحِ موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم پر عمل کرنے والے ہوں اور حقیقی احمدی بنیں اور وہ مسلمان جو حضرت مسیحِ موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ابھی تک پہچان نہیں رہے، اللہ تعالیٰ انہیں پہچاننے کی اور بیعت میں آنے کی توفیق عطا فرمائے اور تمام دنیا میں ہم جلد از جلد اسلام کا جھنڈا، حضرت محمّد رسول اللہ ﷺ کا جھنڈا لہراتے ہوئے دیکھیں اور تمام دنیا میں ہم توحید کو قائم ہوتا ہوا دیکھیں۔“

# مالی قربانی

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس غرض سے پیدا کیا ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کے قرب کے حصول کے لیے اس کی عبادت کرے۔ ایک عبد کی زندگی گزارے اور قرب الٰہی کے لیے صراطِ مستقیم کی پیروی کرتا رہے۔ انسان خدا تعالیٰ کی رضا اسی وقت حاصل کرسکتا ہے جب ان ذرائع اور وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ان پر عمل کرے جو خدا تعالیٰ نے خود دکھائے ہیں۔ اس سے انسان کا شمار خدا تعالیٰ کے مقربین میں ہوتا ہے اور اس طرح وہ اگلے جہان میں اس کی ابدی جنت کا وارث بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جہاں عبادت کا حکم دیا وہاں اپنے اموال بھی خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم دیا ہے۔ انفاق فی سبیل اللہ سے مراد ہے مخلص ہو کر خدا تعالیٰ کی رضا کے لیے راہِ خدا میں اپنے اموال خرچ کرنا عربی میں نَفَقَ کا مطلب ہے نقب لگانا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے والا اپنے مال میں ایسا سوراخ کرتا ہے جس کے ذریعہ مال اللہ تعالیٰ کی طرف جاتا ہے۔ اس لیے اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کو انفاق فی سبیل اللہ کہتے ہیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 14 نومبر 2020ء متفرق مضامین)

اللہ تعالی قرآن مجید میں فرماتا ہے

مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یُقۡرِضُ اللّٰہَ قَرۡضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗۤ اَضۡعَافًا کَثِیۡرَۃً ؕ وَ اللّٰہُ یَقۡبِضُ وَ یَبۡصُۜطُ ۪ وَ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ۔

(البقرۃ ۲۴۶)

کون ہے جو اللہ کو قرضہ حسنہ دے تاکہ وہ اس کے لئے اسے کئی گنا بڑھائے۔ اور اللہ (رزق) قبض بھی کر لیتا ہے اور کھول بھی دیتا ہے۔ اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

قربانی کیا ہے؟ یہ اپنے اپنے وقت اور زمانے کے حالات پر منحصر ہے۔ مثلاً آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے زمانے میں مال کی قربانی کے ساتھ ساتھ جہاد کرتے ہوئے، جنگوں میں جان کی قربانی بھی اہمیت رکھتی تھی کیونکہ کفار

کی طرف سے مسلمانوں پر مظالم کا ایک سلسلہ جاری تھا اور انہی مظالم کے تحت مسلمانوں کو میدان جنگ میں بھی لا کھینچا گیا تھا۔ مالی قربانی کے اعلیٰ نمونے ہمیں آنحضرت ﷺ کے دَور میں صحابہ کرامؓ کی قربانیوں سے ملتے ہیں جو ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔

حضرت اقدس مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

اگر تم کوئی نیکی کا کام بجالاؤ گے اور اس وقت کوئی خدمت کرو گے تو اپنی ایمانداری پر مہر لگا دو گے اور عمریں زیادہ ہوں گی۔ اور تمہارے مالوں میں برکت دی جائے گی۔"

(تبلیغ رسالت جلد دہم صفحہ 56)

## حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

قربانیوں کا جہاد بھی ہے کیونکہ اس کے بغیر نہ اسلام کے دفاع میں لٹریچر شائع ہو سکتا ہے، نہ قرآن کریم کے مختلف زبانوں میں ترجمے ہو سکتے ہیں، نہ یہ ترجمے دنیا کے کونے کونے میں پہنچ سکتے ہیں۔ نہ مشن کھولے جا سکتے ہیں، نہ مربیان، مبلغین تیار ہو سکتے ہیں اور نہ مربیان، مبلغین جماعتوں میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔ نہ ہی مساجد تعمیر ہو سکتی ہیں۔ نہ ہی سکولوں، کالجوں کے ذریعہ سے غریب لوگوں تک تعلیم کی سہولتیں پہنچائی جا سکتی ہیں۔ نہ ہی ہسپتالوں کے ذریعہ سے دکھی انسانیت کی خدمت کی جا سکتی ہے۔ پس جب تک دنیا کے تمام کناروں تک اور ہر کنارے کے ہر شخص تک اسلام کا پیغام نہیں پہنچ جاتا اور جب تک غریب کی ضرورتوں کو مکمل طور پر پورا نہیں کیا جاتا اس وقت تک یہ مالی جہاد جاری رہنا ہے۔ اور اپنی اپنی گنجائش اور کشائش کے لحاظ سے ہر احمدی کا اس میں شامل ہونا فرض ہے"۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 31/ مارچ 2006ء مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل 21/ اپریل 2006ء صفحہ 6)


خدا کرے کہ ہم قربانیوں کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والے ہوں تا اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹ سکیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# لجنہ اماء اللہ فن لینڈ کی website کا اجراء
# www.lajna.fi

اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے لجنہ اماء اللہ فن لینڈ کی ویب سائٹ کا پہلی بار مورخہ 22 مئی 2021 کو حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے اجراء ہوا۔ ویب سائٹ کا اجراء نیشنل صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ فن لینڈ محترمہ ریحانہ کوکب صاحبہ نے مئی کے ماہانہ اجلاس میں کیا۔ ویب سائٹ کے اجراء کے لئے حضور اقدس نے 18 دسمبر 2020 کو منظوری کے ساتھ ویب سائٹ کے pattern اور security سے متعلق قیمتی ہدایات سے نوازا، اور ان مساعی میں برکت کے لئے دعاوں سے بھی نوازا۔

منظوری کے ساتھ ہی ویب سائٹ کے لئے مندرجہ ذیل کمیٹی تشکیل دی گئی۔

محترمہ ریحانہ کوکب صاحبہ (نیشنل صدر لجنہ فنلینڈ)
محترمہ عافیہ مصور صاحبہ (نائب صدر لجنہ فنلینڈ)
محترمہ عفت سعید صاحبہ (جنرل سیکریٹری لجنہ فنلینڈ)
محترمہ عدیلہ سنبل صاحبہ (صدر لجنہ مجلس Turku)
محترمہ سدرہ شوکت صاحبہ (سیکریٹری امور طالبات لجنہ فنلینڈ)
محترمہ منزہ ظفر صاحبہ (سیکریٹری محاسبہ مال لجنہ فنلینڈ)





ویب سائٹ کے pattern کے لئے حضور انور کی ہدایت کے مطابق صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ برطانیہ سے بھی مدد لی گئی، اور لجنہ اماء اللہ فنلینڈ کی ضروریات کے مطابق سیکشن ترتیب دیے گئے۔ شعبہ جات سے متعلق صفحات کا مواد تیار کرنے کے لئے ہر نیشنل سیکریٹری لجنہ نے اپنے اپنے شعبہ کے کام اور قواعد تحریر کئے۔ ویب سائٹ کمیٹی کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جس میں ایک حصہ کا کام مواد کی چیکنگ، cross referencing، اور پروف ریڈنگ کے ساتھ ساتھ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ تمام مواد، تصاویر اور عبارات لجنہ اماء اللہ فنلینڈ کی اپنی تخلیق ہوں یا پھر درست حوالہ کے ساتھ شامل کیا جائے۔ کمیٹی کے دوسرے حصہ کا کام چیک شدہ مواد کو ٹھیک جگہ اور format کے ساتھ ویب سائٹ پر ڈالنا ہے۔ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ تمام نیا مواد ویب سائٹ کے ڈیزائن سے مطابقت رکھتا ہو۔ ہر دو ٹیموں نے بڑی محنت، لگن اور آپس میں تعاون کے ساتھ اس کام کو deadline کے اندر مکمل کیا۔ مواد کی چیکنگ ایک بہت باریک اور محنت طلب کام ہے۔ اس میں ہر باریک غلطی کو تلاش کر کے اسے درست کرنا اور بغیر حوالہ جات کے مواد کو مکمل تحقیق کر کے ان کے درست حوالہ جات شامل کرنا ہے۔ کمیٹی نے اس کام کو بخوبی انجام دیا اور ایک ایک عبارت کو کئی کئی بار پروف ریڈنگ کے بعد ٹیکنیکل ٹیم کو ویب سائٹ پر ڈالنے کے لئے دیا۔ ٹیکنیکل ٹیم کے لئے بھی انکا کام بالکل نئی نوعیت کا تھا۔ لیکن انہوں نے بڑی لگن اور شوق سے اس کام کو سیکھ کر انجام دیا۔

ویب سائٹ کا تمام کام، نیشنل صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ فنلینڈ، مکرمہ ریحانہ کوکب صاحبہ کی نگرانی میں ہوا۔ صدر صاحبہ لجنہ کمیٹی کی مسلسل حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ ہر مرحلہ پر پیش آنیوالے مسائل کے بارے میں نہ صرف رہنمائی دیتی رہیں بلکہ بہت سے کاموں میں کمیٹی کا ہاتھ بٹاتی رہیں۔





ویب سائٹ کے اس کام میں صدر صاحب جماعت فنلینڈ مکرم عطاء الغالب صاحب کے تعاون سے ویب سائٹ کی hosting,domain اور ابتدائی ڈھانچہ کی تشکیل نیشنل سیکریٹری صاحب تعلیم وتربیت اور IT انچارج جماعت فنلینڈ مکرم بشارت الرحمٰن صاحب نے انجام دی۔ اس کے علاوہ انہوں نے ویب سائٹ کے لئے مواد کی تیاری، چیکنگ، پروف ریڈنگ، ویب سائٹ کے ڈیزائن اور نئے مواد کو ڈالنے وغیرہ کے متعلق ویب سائٹ کمیٹی کو ٹریننگ بھی دی۔ اور ویب سائٹ کے پہلے version کے مکمل ہونے پر انہوں نے اس کی فائنل security اور design چیکنگ اور ضروری درستگی بھی کی۔




ویب سائٹ میں لجنہ کے لئے بہت سا مفید مواد موجود ہے جس میں لجنہ اماء اللہ کے عہد کے ساتھ ساتھ، حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا 2022 میں لجنہ کے صد سالہ پروگرام منانے کے بارے میں ہدایات بھی موجود ہیں۔ اسکے علاوہ صدر صاحبہ لجنہ کا تمام لجنہ بہنوں کے نام خط اور لجنہ کے تمام شعبہ جات کی ذمہ داریاں بھی پڑھی جاسکتی ہیں۔


علمی ریلی لجنہ اور ناصرات کے نصاب کے ساتھ ساتھ لجنہ اماء اللہ فنلینڈ کی تیار کردہ ویڈیوز بھی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ لجنہ کا ماہانہ نیوزلیٹر، نمازوں کے اوقات اور آئندہ ماہ کا کیلنڈر بھی ویب سائٹ پر مہیا ہے۔




ویب سائٹ میں نئے مواد کا اضافہ جاری ہے اور یہ کام انشاء اللہ مستقل جاری رہے گا۔ لجنہ ممبرات سے درخواست ہے کہ اس سے استفادہ بھی حاصل کریں اور ساتھ تمام کمیٹی ممبرات کے لئے بھی دعا کریں کہ وہ اس کام کو احسن رنگ میں انجام دیتی چلی جائیں۔ آمین۔

# Tableegh Campaign

During the month posters were prepared by Tableegh department highlighting the status of women particularly a mother in Islam.






Tableegh department also shared some Ramadan related posters on social media during the Ramadan. Highlighting the importance and islamic teachings about Ramadan.



















# Khidmat e Khalq

In Ramadan Eid cards and gifts were distributed among ahmadi and refugee kids. Special Eid cards were printed with Lajna Imaillah Finland's logo, and our motto

**"Rakkautta kaikille, ei vihaa ketään kohtaan".**

64 children including 14 children from refugee center received the gifts. The kids were very happy and thankful to receive these on Eid day.



# Taleem o Tarbiyyat targets in Ramadan

## Lajna

**A** Complete a cycle of the Holy Quran with translation. Lajna completed this target:

1:Aliya Kanwal
2:Arooba Naseem
3:Mubashra Yasmin
4:Razia Khalid
5:Sadia Shehzad Waraich
6:Duria Munawar
7:Durresmeen
8:Umara Khan

**B** Complete a cycle of the Holy Quran without translation. Lajna completed this target:

1:Faiza Munir
2:Sadia Asad
3:Shaista Tasneem
4:Samina Furqan
5:Ayesha Khalil
6:Kanza Mehmood
7:Zunera Zunash
8:Asma Waqar
9:Nusrat Habib
10Izzah Habib
11:Iffat Saeed
12:Qurratulain Mudassir
13:Sadia Mubashra
14:Bushra Shreef
15:Khalida Shamim
16:Durresmeen
17:Nudrat Fareeha
18Shams un Nihar
19:Quratulain
20:Mahpara Ali
21:Sahar Naseer
22: Amat ur Rafay

## Nasirat

**A** For myar awwal,complete first 15 parts of the Holy Quran. Nasirat completed this target:

1: Mahira Tahir
2: Mehak Chaudary

**B** For myar doem,complete first 5 parts of the Holy Quran. Nasirat completed this target:

1: Maria Ziml
2: Abiha Loun

# لجنہ اماء اللہ تلفظ قرآن کریم کلاس کارکردگی رپورٹ


ماہ اکتوبر 2020 سے لجنہ اماء اللہ کی تلفظ قرآن کلاس کا آغاز کیا گیا۔جس کیلیئے تمام لجنہ کو 6 مختلف گروپس میں تقسیم کیا گیا۔ ہر گروپ کیلیئے ایک ٹیچر مقرر کی گئی اور لجنہ کی ہفتہ وار کلاس کا آغاز کیا گیا۔ یہ کلاس ہر جمعرات کو منعقد کی جاتی ہے، ان کلاسز میں مندرجہ ذیل لجنات ٹیچر کے فرائض انجام دے رہی ہیں۔

عفت سعید صاحبہ
عافیہ مصور صاحبہ
عدیلہ سنبل صاحبہ
شمس النہار صاحبہ
فتح مبین صاحبہ
سعدیہ شہزاد صاحبہ
کنزہ محمود صاحبہ

ماہ اکتوبر 2020 سے مارچ 2021 تک مندرجہ ذیل لجنہ کی ان کلاسز میں حاضری 80 فیصد یا اس سے زیادہ رہی:۔

فرزانہ قیوم صاحبہ
فائزہ بشریٰ صاحبہ
مدثرہ نعمانہ صاحبہ
سیدہ قراۃ العین صاحبہ
فاطمہ قیوم صاحبہ
رضیہ خالد صاحبہ
سائزہ صدف صاحبہ
اسماء منظور صاحبہ
فائزہ منیر صاحبہ
ماہرہ طاہر صاحبہ
نبیلہ بشری صاحبہ
بشریٰ شریف صاحبہ
مبشرہ یاسمین صاحبہ
زنیرہ زوناش صاحبہ
سدرہ شوکت صاحبہ
عروبہ نسیم صاحبہ
مہک چوہدری صاحبہ
آصفہ سلیم صاحبہ
ریحانہ کوکب صاحبہ
علیشبہ مبشر صاحبہ
عالیہ کنول صاحبہ
عائشہ محمود صاحبہ
قراۃ العین مدثر صاحبہ
سعدیہ شہزاد وڑائچ
اسماء وقار صاحبہ
سعدیہ مبشرہ صاحبہ
دردانہ طوبیٰ صاحبہ
مہوش ملک صاحبہ

تمام لجنہ سے گزارش ہے ان کلاسز سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنی حاضری کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ




## ماہانہ KAHOOT کوئز نتائج

ہر ماہ اجلاسات میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات کے آن لائن کوئز کا انعقاد ہوتا ہے۔ ماہ مئی میں ہونے والے کوئز کے نتائج درج ذیل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے لئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آئندہ بھی لجنہ اچھی تیاری کے ساتھ بڑھ چڑھ کر کوئز میں حصہ لیں۔

### کوئز لجنہ اماء اللہ خطبہ جمعہ مورخہ 28 مئی

اول: مکرمہ سدرہ شوکت صاحبہ

دوم: مکرمہ عائشہ محمود صاحبہ

سوم: مکرمہ قراۃ العین صاحبہ

### کوئز لجنہ اماء اللہ اجلاس مورخہ۔22 مئی 2021

اول: عروبہ نسیم صاحبہ

دوم: نعمانہ مدثرہ صاحبہ

سوم: سیدہ قراۃ العین صاحبہ

### مشاہدہ معائنہ لجنہ اجلاس مورخہ 22 مئی 2021

اول: مکرمہ مبشرہ یاسمین صاحبہ

دوم: مکرمہ عروبہ نسیم صاحبہ

سوم: مکرمہ سعدیہ اسد صاحبہ

### مشاہدہ معائنہ ناصرات اجلاس۔22 مئی 2021

اول: مکرمہ ماریہ زمل

دوم: مکرمہ مہک چوہدری صاحبہ

سوم: مکرمہ فیضیہ نایاب صاحبہ

# رپورٹ برائے ناصرات الاحمدیہ اور سات سال سے چھوٹے بچوں کے رمضان ٹارگٹ







































Ramadan Mubarak
RAMADAN KAREEM


Ramadhan




QANITA



Ramazan
Shanawar


Ramazan kareem
TAYYAB



الله




QANITA


السلام عليكم !
رمضان مبارک
LOVE FOR ALL
Syed Sohaib Ahmed



Allah made everything



Fajer
Zohar
Asr
Maghrib
Isha
03.47
13.34
17.30
21.21
22.51



RAMADAN
Mubarak



رمضان مبارک
SYEDA FARIA NOOR



RAMADAN
UL
MUBARAK
2021









RAMADAN MUBARAK
STUDY



رمضان المبارک
2021


Ramazan
Mubarak
Alveera


رمضان كريم


السلام عليكم !
رمضان مبارک
Syed Sohaib Ahmed












# کیلنڈر لجنہ اماء اللہ فنلینڈ جون 2021

| | |
|---|---|
| ہفتہ 12 جون 2021 | لجنہ اجلاس |
| اتوار 13 جون 2021 | ناصرات اجلاس |
| اتوار 13 جون 2021 | خطبہ Kahoot quiz |
| جمعہ، ہفتہ، اتوار 18 تا 20 جون | لجنہ و ناصرات علمی ریلی |
| ہفتہ 26 جون 2021 | لجنہ واک |
| اتوار 27 جون 2021 | خطبہ Kahoot quiz |
| اتوار 27 جون 2021 | وقف نو کلاس |